گورنروزیراعلیٰ ... مضامین



مورخہ 09-08-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | مشکل معاشی صورتحال نئی ترجیحات کا تقاضہ کررہی ہے، گورنر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ نے سول سروس اصلاحات کی منظوری دیدی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | کوئٹہ فائرنگ کے باعث میاں بیوی اور 4 سالہ بیٹا جاں بحق وزیرداخلہ نے نوٹس لے لیا۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | مردم شماری میں آبادی کم ظاہر کرنا عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے، نورمحمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | مخلوط حکومت نے بلوچستان میں دیگر صوبوں کے مساوی ترقی پر توجہ دی آغا حسن بلوچ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | خالی اسامیاں مشتہر کرنے کا معاملہ جلد وفاق کے ساتھ اٹھائینگے، چیف سیکرٹری۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | پی اے سی کا کام صرف ریکوری نہیں محکموں کی کارکردگی بھی دیکھنا ہوتی ہے، اختر لانگو۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | الیکشن کمیشن نے کوئٹہ کے بلدیاتی حلقوں کی ابتدائی فہرست جاری کردی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لئے ملتوی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | خیبرپختونخوا اور بلوچستان کے نئے چیف کلکٹرز آف کسٹم تعینات۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | پنجرہ پل کی تعمیر اکتوبر میں شروع کردی جائیگی ترجمان این ایچ اے۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | اسسٹنٹ کمشنرز، سیکشن افسر اور ڈی ایس پیز کی تحریری امتحانات کی تاریخ میں توسیع۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان بورڈ نے 72 ہزار سے زائد اسناد امیدواروں تک پہنچادیں۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | طلباء کے مابین دو گروہوں میں تصادم بلوچستان یونیورسٹی غیر معینہ مدت کیلئے بند۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | سینیٹر دنیش کمار نے دھرتی کے بیٹے کا حق ادا کیا، جام کمال۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | سبی چینی دوسرے شہر منتقل کرنے والوں کو جرمانے | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | بلوچستان کو آگے لے گئے حکومتی ارکان دو قدم پیچھے چلا گیا اپوزیشن۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

کوئٹہ پولیس کارروائی 5 ملزمان گرفتار، وڈھ لیویز فورس کی کارروائی 10 کلو چرس برآمد ملزم گرفتار، منگچر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو سیکورٹی اہلکار شہید، کوئٹہ میں چیک پوسٹ پر دستی بم حملہ 2 زخمی، کوئٹہ موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے میاں بیوی اور بچہ جاں بحق۔

Scanned with CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 09-08-2023

## عوامی مسائل

پنجگور رہول سیلرز کی لوٹ مار جاری انتظامیہ غافل، صحبت پور میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہے عوامی حلقے، حکومت عدم توجہی کنزیومر کورٹس نہ بن سکیں، پنجگور مہنگائی بے قابو چینی فی کلو 190 روپے میں فروخت پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال۔

## اداریہ :

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "سبی ہرنائی ٹرین سروس کی بحالی خوش آئند مستحسن !!" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہیکا گرچہ ان دنوں ہر طرف مہنگائی، بے روزگاری اور سیاسی منظرنامے پر جاری صورتحال کے تناظر میں بحث مباحثے جاری ہیں حکومت اور اپوزیشن کے مابین نگر ان سیٹ اپ کی تشکیل، انتخابات کے انعقاد اور اس سے جڑی خبریں موضوع بحث بنی ہوئی ہیں علاوہ ازیں ساتویں قومی مردم شماری اور نئی حلقہ بندیوں کے حوالے سے بھی خبروں کا بازار گرم ہے لیکن اسی دوران گزشتہ روز یہاں بلوچستان میں ایک اہم پیشرفت یہ ہوئی کہ عرصہ دراز سے زیر تکمیل سبی ہرنائی ٹریک نہ صرف مکمل ہوا بلکہ اس ٹریک پر ٹرین سروس کی بحالی بھی کر دی گئی جو انتہائی خوش آئند و مستحسن اقدام ہے اس کی بدولت جہاں سبی اور ہرنائی کے بیچ لوگوں کو بہتر سفری سہولت میسر آئے گی وہاں تجارتی سرگرمیوں میں خاطر خواہ تیزی آئے گی زرعی شعبہ سب سے زیادہ مستفید ہوگا سبی ہرنائی سیکشن کا باقاعدہ افتتاح گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے گزشتہ روز کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان کا کہنا تھا کہ تاریخی شہر سبی اور ہرنائی کے درمیان ریلوے کی بحالی سے پورے علاقے کی معیشت اور زراعت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

## اداریے:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "زرعی شعبے کی ترقی کا ہدف اور سولر ائزیشن منصوبہ." کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Improving healthcare facilities" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ نے "Remebering Civil Hospital Tragedy" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "مردم شماری کے نتائج بلوچستان کے نتائج میں اتنا فرق کیوں " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "مون سون بارشیں ممکنہ سیلاب اور اقدامات." کے عنوان سے اختر منگی کا مضمون شائع کیا ہے

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 1


## سانحہ 8 اگست کے شہید وکلاء ہمارا اثاثہ تھے

# دہشتگردی کے تدارک کیلئے مشترکہ لائحہ عمل طے کرنا ہوگا، گورنر کاکڑ

**سب سر جوڑ کر بیٹھیں اور مستقبل کے تحفظ کیلئے مشترکہ لائحہ عمل طے کریں، تعزیتی ریفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سانحہ 8 اگست وکلاء شہداء کے تعزیتی ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ 8 اگست کے شہید وکلاء ہمارا اثاثہ تھے ان کے بچھڑ جانے سے پورا صوبہ لاوارث ہوگیا آٹھ اگست کی دہشت گردی میں ہم متعدد ماہر قانون سے محروم ہوئے جو یقیناً ایک ناقابل تلافی نقصان ہے آج بھی وقت ہے کہ ہم سب سر جوڑ کر بیٹھیں اور اپنے مستقبل کے تحفظ کیلئے مشترکہ لائحہ عمل طے کریں اس موقع پر اسلام آباد اور دیگر صوبوں سے آئے مہمانان ہارون رشید، احمد فاروق خٹک، نعیم قریشی، بشریٰ قمر، یاسین آزاد، شہید باز محمد فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر لعل محمد کاکڑ، روشن خورشید بروچہ سمیت وکلاء برادری، شہداء کے اہل خانہ، پروفیسرز، علماء کرام اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے گورنر نے کہا کہ تعزیتی ریفرنس بذات خود ایک قسم کا احتجاج ہے آج یوم شہدائے وکلاء منانے کا مقصد دراصل سانحہ 8 اگست کوئٹہ میں شہید ہونے والے وکلاء کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے انہوں نے شہید وکلاء کے حوالے سے باز محمد شہید فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر لعل محمد اور ان کی ٹیم کی انتھک کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان تمام شہداء کی گرانقدر خدمات اور قربانیاں ہیں جن کو تادیر یاد رکھا جائے گا ہمیں ایسا مشترک لائحہ عمل طے کرنا ہوگا تاکہ مستقبل میں ایسے واقعات رونما نہ ہوں آج جو کچھ کہا اپنے ضمیر کے مطابق کہا آخر میں شہدائے اور ان کے ورثاء کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

# مشکل معاشی صورتحال نئی ترجیحات کا تقاضہ کررہی ہے، گورنر کاکڑ

**یونیورسٹی آف تربت کے سینیٹ اجلاس سے خطاب، اہم فیصلے بھی کیے گئے**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ مشکل معاشی صورتحال ہم سے نئی ترجیحات اور نئے اہداف کے حصول کیلئے جامع حکمت عملی بنانے کا تقاضہ کررہی ہے ضروری ہے کہ ہم یونیورسٹی کی سطح پر تمام غیرضروری اخراجات اور موجودہ مارکیٹ سے عدم مطابقت رکھنے والے ڈیپارٹمنٹس کھولنے سے مکمل طور پر گریز کریں یونیورسٹی بنیادی طور پر بنتی اسٹوڈنٹس کیلئے ہے لہٰذا اسٹوڈنٹس ہی کو تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات فراہم کرنے پر اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف تربت کے ساتویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر بلوچستان ہائی کورٹ سے جسٹس ہاشم خان کاکڑ، صوبائی وزیر تعلیم لعل جان جعفر، وائس چانسلر تربت پروفیسر ڈاکٹر جان محمد بلوچ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر ہاشم خان غلزئی، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے نمائندے انجینئر احمد فاروق بازئی اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی سیکرٹری عبدالصمد بھی موجود تھے گورنر نے کہا کہ یونیورسٹی کے امور و معاملات کو خوش اسلوبی سے چلانے کیلئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے قواعد وضوابط پر عمل درآمد اشد ضروری ہے سینیٹ اجلاس، سنڈیکیٹ اجلاس اور نتائج کا اعلان کرتے وقت کی پاسداری کا خاص خیال رکھیں مقررہ وقت کے اندر اندر یونیورسٹی کے امور اور معاملات چلانے سے مجموعی طور پر کارکردگی بہتر ہوجاتی ہے اجلاس میں شرکاء کی سفارشات اور تجاویز کے نتیجے میں کئی اہم فیصلے کئے گئے ہیں۔


MASHRIQ QUETTA


# سانحہ 8 اگست کے شہید وکلاء بلوچستان کا قیمتی اثاثہ تھے، گورنر بلوچستان

**. آٹھ اگست کے دہشت گردی کے واقعہ میں ہم صوبہ کے متعدد ماہر قانون سے محروم ہوئے جو یقیناً ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، ملک عبدالولی خان کاکڑ**

**آج بھی وقت ہے کہ ہم سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر سب سر جوڑ کر بیٹھیں اور اپنے اور اپنی نئی نسل کے مستقبل کے تحفظ کیلئے ایک مشترکہ لائحہ عمل طے کریں**

**آج یوم شہدائے وکلا منانے کا مقصد دراصل سانحہ 8 اگست کوئٹہ میں شہید ہونے والے وکیلوں کو خراج عقیدت پیش کرنا ہے، تعزیتی ریفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہ شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سانحہ 8 اگست وکلا شہدا کے حوالے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے ایک مقامی ہوٹل میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس میں شریک افراد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ.........

بقیہ 6 صفحہ نمبر 9 پر

سانحہ 8 اگست کے شہید وکلا ہمارے آثاثہ تھے ان کے بچھڑ جانے سے ہمارا پورا صوبہ لاوارث ہوگیا. آٹھ اگست کے دہشت گردی کے واقعہ میں ہم صوبہ کے متعدد ماہر قانون سے محروم ہوئے جو یقیناً ایک ناقابل تلافی نقصان ہے آج بھی وقت ہے کہ ہم سب سر جوڑ کر بیٹھیں اور اپنے مستقبل کے تحفظ کیلئے ایک مشترکہ لائحہ عمل طے کریں

# موجودہ مشکل معاشی صورتحال سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی اپنانا ہوگی، عبدالولی کاکڑ

**ہمیں چاہیے کہ موجودہ مارکیٹ سے عدم مطابقت رکھنے والے ڈیپارٹمنٹس کھولنے سے گریز کریں**

**طلباء ہی کو تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات فراہم کرنے پر اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھیں، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اے پی پی) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ ملک اور صوبے کی موجودہ مشکل معاشی صورتحال ہم سے نئے ترجیحات اور نئیاہداف کے حصول کیلئے جامع حکمت عملی بنانے کا تقاضہ کررہی ہے. ضروری ہے کہ ہم یونیورسٹی کی سطح پر تمام غیرضروری اخراجات اور موجودہ مارکیٹ سے عدم مطابقت رکھنے والے ڈیپارٹمنٹس کھولنے سے مکمل طور پر گریز کریں. انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی بنیادی طور پر بنتی اسٹوڈنٹس کیلئے ہے لہٰذا اسٹوڈنٹس ہی کو تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات فراہم کرنے پر اپنی بھرپور توجہ.........

بقیہ 56 صفحہ نمبر 9 پر

مرکوز رکھیں. ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف تربت کے ساتویں سینٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا. اس موقع پر بلوچستان ہائی کورٹ سے جسٹس ہاشم خان کاکڑ، صوبائی وزیر تعلیم لعل جان جعفر، وائس چانسلر تربت پروفیسر ڈاکٹر جان محمد بلوچ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر ہاشم خان غلزئی، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے نمائندے انجینئر احمد فاروق بازئی، اور فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی سیکرٹری عبدالصمد بھی موجود تھے

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 2

# Martyred lawyers great legal assets of Balochistan: Governor

**By Our Reporter**

QUETTA: Governor of Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar has said that martyred lawyers were great legal assets for the province and their loss is irreparable.

He expressed these views while paying tribute to the martyred lawyers of the 8 August incident in a condolence reference, organized by Shaheed Baz Mohammad Kakar Foundation at a local hotel here in Quetta. The reference was attended by Haroon Rasheed, Ahmad Farooq Khatak, Dr. Lal Mohammad Kakar, Roshan Khurssed, and further guests from other provinces.

"The incident has deprived the province of many legal experts and their loss is irrecoverable. There is still time for sitting together and protecting our future by deciding on a plan of action collectively" he said. Adding that this condolence reference is a protest in itself and observing the 8 August day is actually a tribute to the martyred lawyers.

Regarding the incidents and tragedies of terrorism, Governor said that a common plan of action is required to counter such tragedies of terrorism in the future.

At the end, prayers were done for the martyred lawyers and their families.

A seminar was also held in Balochistan High Court in memory of the fallen lawyers where people of the legal fraternity from all over Pakistan were present.

It should be mentioned that a Bomb blast took place inside Civil Hospital Quetta claiming more than 80 lives, mostly lawyers on 8th August 2016. The incident happened when Bilal Anwar Kasi, an advocate and the head of the Balochistan Bar Association, was assaulted on the morning of August 8th, as he was heading from his residence to his office. Subsequently, his lifeless remains were transported to the Civil Hospital for an official examination, where numerous fellow advocates had gathered.

Tragically, the hospital premises were struck by an alleged suicide bombing, followed by gunfire, leading to the loss of a whole generation of lawyers.

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 3

Bullet No. 1

## وزیراعلیٰ نے سول سروس میں اصلاحات کی منظوری دیدی

**فیلڈ آپریشن آفیسرز کی تنخواہیں سول سیکرٹریٹ کے مساوی، ریونیو سٹاف کی تنخواہوں میں بھی اضافہ**

**خدمت کے جذبے سے سرشار افسران کو آگے آنے کا موقع ملنا چاہئے، قدوس بزنجو**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سول سروس میں اصلاحات کی منظوری دے دی ہے اور اس حوالے سے صوبائی کابینہ کے فیصلے اور پارلیمانی کمیٹی کی سفارشات کی توثیق کردی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کا وژن صوبہ میں سول سروس کے معیار میں بہتری اور گڈ گورننس کا نفاذ ہے گڈ گورننس کے لیے ضروری ہے کہ بی سی ایس اور بی ایس ایس کیڈر کے افسران کو ایک جیسی طرز پر رکھا جائے وزیراعلیٰ نے فیلڈ آپریشن آفیسرز کی تنخواہوں کو سول سیکرٹریٹ کے مساوی کرنے کی بھی منظوری دی ہے اور بلوچستان کے ریونیو کے انتظامی ڈھانچے میں بھی ریفارمز کی منظوری دی ہے جسکے تحت تحصیلدار کیڈر کو دو بار کی بجائے صرف ایک بار محکمانہ امتحان دینا ہوگا وزیراعلیٰ نے ریونیو سٹاف کی تنخواہوں میں اضافے کی منظوری بھی دے دی ہے وزیراعلیٰ کا کہنا ہے کہ تمام ملازمین وافسران ریاست کی مشینری ہیں خدمت کے جذبے سے سرشار افسران کو آگے آنے کا موقع ملنا چاہئے عوامی خدمت کے جذبہ سے سرشار سروس ڈیلیوری کی بہتری کے لیے کام کرنے والے افسران کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہئے۔

MASHRIQ QUETTA

## صوبائی کابینہ کے فیصلے اور پارلیمانی کمیٹی کی سفارشات وزیراعلیٰ بلوچستان نے سول سروس ریفارمز کی منظوری دیدی

**ریونیو، انتظامی ڈھانچے میں بھی ریفارمز تحصیلدار کیڈر سے دو کی جگہ ایک بار ڈیپارٹمنٹل امتحان، ریونیو اسٹاف کی تنخواہوں میں اضافے کی بھی منظوری**

**تمام ملازمین وافسران ریاست کی مشینری ہیں۔ خدمت کے جذبے سے سرشار افسران کو آگے آنے کا موقع ضرور ملنا چاہیے، میر عبدالقدوس بزنجو**

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے صوبائی کابینہ کے فیصلے اور پارلیمانی کمیٹی......

بقیہ 31 صفحہ نمبر 9 پر

کی سفارشات کی توثیق کرتے ہوئے بلوچستان سول سروس ریفارمز کی منظوری دے دی جس سے صوبہ میں سروس کی کوالٹی میں بہتری اور گڈ گورننس کا نفاذ ہوگا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا کہنا تھا کہ گڈ گورننس کے لیے ضروری ہے

Balochistan Time Quetta

## CM approves Balochistan Civil Service reforms

**By Our Reporter**

QUETTA: Chief Minister of Balochistan Mir Abdul Qudus Bizenjo has approved Balochistan Civil Service Reforms and Field Operation Officers' salaries to be equal to Civil Secretariat.

On Tuesday, the Chief Minister approved the recommendations of the decisions of the provincial cabinet and the parliamentary committee. Chief Minister Balochistan approved Balochistan Civil Service Reforms, equalization of salaries of field operation officers with Civil Secretariat, reforms in Balochistan revenue and administrative structure, conducting departmental examination for Tehsildar cadre once instead of twice, and increasing the salaries of revenue staff.

Chief Minister Balochistan said that for good governance it is necessary that the officers of BCS and BSS should be kept on the same pattern.

"All the employees and officers are important for the machinery of the state. The officers should be the opportunity to come forward with the spirit of service" he said, adding that with a commitment to public service, officers should be motivated for work to improve the service.

The vision of Chief Minister Balochistan is to improve the quality of service and implement good governance in the province

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 6

# کوئٹہ فائرنگ کے باعث میاں بیوی اور 4 سالہ بیٹا جاں بحق وزیر داخلہ نے نوٹس لے لیا

ایک شخص موٹر سائیکل پر اہلیہ اور بچے کے ہمراہ مشرقی بائی پاس پر جارہا تھا کہ نامعلوم ملزمان نے اس پر فائرنگ کردی

**وزیر داخلہ کا نوٹس، حکام سے رپورٹ طلب، ملزمان کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے، میر ضیاء اللہ لانگو**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر + اے پی پی) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے میاں بیوی بچے سمیت 3 افراد کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایک شخص اپنی موٹر سائیکل پر اہلیہ اور بچے کے ہمراہ مشرقی با.........

بقیہ 22 صفحہ نمبر 9 پر

ئی پاس پر جارہا تھا کہ نامعلوم ملزمان نے اس پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل پر سوار عبدالخالق اس کی اہلیہ مسماۃ (م) اور 4 سالہ بیٹا میر حمزہ موقع پر جاں بحق ہوگئے حملہ آور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے دریں اثناء وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ مشرقی بائی پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے میاں، بیوی، اور بچہ کے جاں بحق ہونے کے واقعہ کا نوٹس لے لیا

# مردم شماری میں آبادی کم ظاہر کرنا عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے، نور محمد دمڑ

ضلع زیارت و ضلع ہرنائی کی آبادی کو کم ظاہر کرکے دونوں اضلاع عوام کیساتھ زیادتی کی گئی ہے

**بلوچستان میں پہلی مرتبہ ایسی مردم شماری ہوئی جو تمام سیاسی جماعتوں عوام اور قبائل کے لئے قابل قبول تھی، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے سی سی آئی میں ضلع زیارت، ہرنائی سمیت بلوچستان کی آبادی کو کم کرنے پر شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے کہا کہ ڈیجیٹل مردم شماری کے ابتدائی نتائج کے مطابق بلوچستان کی آبادی 2 کروڑ 15 لاکھ 9 ہزار بتائی گئی تھی، مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس میں بلوچستان کی 67 لاکھ آبادی کو کم ظاہر کر کے منظوری دی گئی ہے اس طرح ہمارے صوبائی حلقہ انتخاب میں شامل دونوں اضلاع ضلع زیارت و ضلع ہرنائی کی آبادی کو کم ظاہر کرکے دونوں اضلاع کے عوام کے ساتھ انتہائی ظلم و زیادتی کی گئی ہے آبادی کم ظاہر کرنے سے دونوں اضلاع کے عوام کو آئینی حقوق سے محروم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں کہا کہ حالیہ ساتویں ڈیجیٹل مردم شماری میں دونوں اضلاع کی جو آبادی شمار کی گئی تھی اس آبادی سے دونوں اضلاع کے سابقہ صوبائی حلقہ انتخاب صوبائی بحال ہوجاتے تھے لیکن سی سی آئی اجلاس میں زیارت، ہرنائی کی جو آبادی ظاہر کی گئی ہے اس یکسر مسترد کرتا ہوں اور سی سی آئی کے مذکورہ فیصلے کو عدالت میں چیلنج کرونگا حلقہ انتخاب کے دونوں اضلاع زیارت و ہرنائی کے عوام کے آئینی حقوق اور ترقی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرونگا، انہوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں پہلی مرتبہ ایسی مردم شماری ہوئی جو تمام سیاسی جماعتوں عوام اور قبائل کے لئے قابل قبول تھی

INTEKHAB QUETTA

# مخلوط حکومت نے بلوچستان میں دیگر صوبوں کے مساوی ترقی پر توجہ دی آغا حسن بلوچ

**مالی مشکلات کے باوجود وزیراعظم نے ملک کو معاشی بحران سے نکال کر ترقی اور خوشحالی کی راہ پر ڈالا ہے**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ نے بلوچستان کے عوامی مسائل کے حل میں وزیراعظم شہباز شریف کی گہری دلچسپی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ مخلوط حکومت نے گزشتہ 15 ماہ کے دوران سائنس اور ٹیکنالوجی سمیت مختلف

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

شعبوں میں نمایاں سنگ میل حاصل کیے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں منگل کو یہاں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور اس کے تحت کام کرنے والے محکموں کے اعلیٰ حکام کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک کے ادارے تباہی کے دہانے پر تھے اور ملک ڈیفالٹ کی طرف جارہا تھا تاہم وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جس طرح مالی مشکلات کے باوجود ملک کو معاشی بحران سے نکال کر ترقی اور خوشحالی کی راہ پر ڈالا ہے وہ ان کے متحرک ویژن کی عکاسی کرتا ہے۔ وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی نے کہا کہ سابقہ حکومت کے برعکس موجودہ مخلوط حکومت نے صوبہ بلوچستان میں دیگر صوبوں کے مساوی ترقی پر توجہ دی ہے جو قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کیمپس، کامسیٹس یونیورسٹی کے کوئٹہ اور گوادر میں کیمپسز کا قیام، پاکستان حلال اتھارٹی کے دفاتر کی کوئٹہ اور گوادر تک توسیع، تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے لئے تفتان، چمن اور گوادر میں پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی کے دفاتر کا قیام، پاکستان کی نمائندگی اور سائنسی تعاون کے لیے بیجنگ میں سائنس کونسلر کی تقرری اس عرصے کے دوران حاصل کردہ چند اہم کامیابیاں ہیں۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 5

## خالی اسامیاں مشتہر کرنے کا معاملہ جلد وفاق کیساتھ اٹھائینگے، چیف سیکرٹری

**17879 اسامیوں کی نشاندہی کی گئی، بریفنگ، عوام کی فلاح و بہبود کے کام حکومت کی اولین ترجیح، اجلاس**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ عوام کی فلاح و بہبود کے کام صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بالخصوص بنیادی سہولتوں کی فراہمی جس میں پینے کا صاف پانی، صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی، تعلیم اور انفراسٹرکچر کی ترقی و بحالی شامل ہیں۔ صوبائی حکومت مثبت پالیسیوں کے ذریعے صوبے کے عوام کی خدمت کر رہی ہے اور عوامی فلاح و بہبود کے کاموں کی تشہیر کے لیے ہر ممکن اقدامات کے جائیں تاکہ عوام ان سے زیادہ مستفید ہو سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت میں کیا۔ اجلاس میں سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو روشن علی شیخ، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ دوستین خان جمالدینی، سیکرٹری قانون عبدالصبور کاکڑ، سی ای او کیسکو کریم جمالی سمیت تمام سیکرٹریز جبکہ ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں پاکستان سٹیزن پورٹل، ای۔ خدمت سنٹرز، کیسکو واجبات کی ادائیگی، گورنمنٹ آفیشل ویب سائٹ سمیت دیگر متعلقہ امور زیر غور لائے گئے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ موجودہ صوبائی حکومت صحت کے شعبے کو مزید مستحکم کر کے لوگوں کو علاج معالجے کی معیاری سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کے لئے پرائمری، سیکنڈری اور تدریسی ہسپتالوں کے شعبوں میں اربوں روپے مالیت کے متعدد منصوبوں پر کام کر رہی ہے اور ان منصوبوں پر مقررہ ٹائم لائنز کے مطابق پیشرفت یقینی بنانے کے لئے ایک مربوط منصوبہ بندی کے تحت اقدامات جاری ہیں تاکہ ان کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جاسکے اور عوام بلا تاخیر ان کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔ اجلاس کو سیکرٹری صحت نے صوبہ بھر میں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال اور چھوٹے بڑے مراکز صحت میں علاج معالجے کی سہولیات کو بہتر بنانے کے لئے شروع کیے گئے منصوبوں اور دیگر اقدامات کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پرائمری ہیلتھ کیئر کے شعبے میں صوبہ بھر کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز ہسپتالوں کو مستحکم اور 24/7 فعال رکھنے کے لئے ایک بڑے منصوبے پر کام جاری ہے اور ان ہسپتالوں میں صحت کے انفراسٹرکچر کی بہتری تمام ضروری ادویات کی فراہمی، طبی آلات کی دستیابی اور دیگر متعلقہ سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ صوبائی حکومت صوبہ بھر کے چھوٹے بڑے طبی مراکز کو مستحکم کرنے کے لئے خطیر رقم خرچ کر رہی ہے تاکہ ان طبی مراکز کی استعداد کار کو بہتر بنا کر علاج معالجے کی سہولیات کو عوامی توقعات اور ضروریات کے عین مطابق بنایا جاسکے اور دور دراز علاقوں کے لوگوں کو علاج معالجے کی معیاری سہولیات مقامی سطح پر فراہم کی جاسکیں اور اس مقصد کے لئے انہیں بڑے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے متعدد اہم منصوبوں پر کام جاری ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی نے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ وفاق میں 40 وزارتوں / ڈویژنز میں بلوچستان کی 17879 آسامیوں کی نشاندہی کی گئی اور اس میں 11756 آسامیاں بھری ہوئی ہیں جبکہ 6123 ابھی پر ہونی ہیں۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبائی حکومت وفاق کے ساتھ مذکورہ معاملہ اٹھائی گی کہ وفاقی حکومت جلد مختلف وزارتوں میں خالی آسامیاں مشتہر کرے تاکہ صوبائی حکومت ڈپٹی کمشنرز کے ذریعے لوگوں تک یہ پیغام پہنچائے کہ نوجوان وفاقی حکومت میں صوبے کے کوٹے پر خالی آسامیوں کے لیے درخواست دے سکیں اور لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم ہوں۔ اجلاس کو ای۔ خدمت سنٹرز کے حوالے سے بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

---

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کوٹہ کی 6123 خالی آسامیوں پر بھرتی کا معاملہ وفاق کیساتھ اٹھائینگے، چیف سیکرٹری

**صوبائی حکومت معاملہ اٹھائیگی کہ وفاقی حکومت جلد از جلد مختلف وزارتوں میں خالی اسامیاں مشتہر کرے، اجلاس میں فیصلہ**

**نوجوان وفاقی حکومت میں صوبے کے کوٹے پر خالی اسامیوں کے لیے درخواست دیں اور انہیں روزگار کے مواقع فراہم ہوں**

**سیکرٹریز کمیٹی اجلاس میں سٹیزن پورٹل، ای خدمت سنٹرز، کیسکو واجبات کی ادائیگی سمیت دیگر متعلقہ امور زیر غور لائے گئے**

کوئٹہ (ن ن) عوام کی فلاح و بہبود کے کام صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے، بالخصوص بنیادی سہولتوں کی فراہمی جس میں پینے کا صاف پانی، صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی، تعلیم اور انفراسٹرکچر کی ترقی و بحالی شامل ہیں۔ صوبائی حکومت مثبت پالیسیوں کے ذریعے صوبے کے عوام کی خدمت کر رہی ہے اور عوامی فلاح و بہبود کے کاموں کی تشہیر کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں تاکہ ........

بقیہ 24 صفحہ نمبر 9 پر

عوام ان سے زیادہ سے زیادہ مستفید ہو سکیں۔ ان خیالات کا اظہار چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 09 AUG 2023 Page No: 7

## اسسٹنٹ کمشنرز، سیکشن افسرز اور ڈی ایس پیز کے تحریری امتحانات کی تاریخ میں توسیع

**بلوچستان پبلک سروس کمیشن نے سی ایس ایس اسپیشل امتحانات کے تناظر میں امتحانات کے شیڈول میں توسیع کردی، امیدواروں کا وزیر اعلیٰ اور چیئرمین پبلک سروس کمیشن کے فیصلے پر خراج تحسین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان پبلک سروس کمیشن نے اسسٹنٹ کمشنرز، سیکشن آفیسرز اور ڈی ایس پی کے امتحانات نومبر 2023 میں منعقد کرنے کا اعلان کر دیا۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے امیدواروں کی جانب سے پی سی ایس امتحانات کے انعقاد میں توسیع کی درخواست کے پیش نظر بلوچستان پبلک سروس کمیشن کو پی سی ایس امتحان سی ایس ایس اسپیشل امتحان کے بعد منعقد کرنے کی ہدایت کی تھی وزیر اعلیٰ نے یہ فیصلہ امیدواروں کے وسیع تر مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے کیا ہے تاکہ سی ایس ایس اسپیشل امتحان دینے والے طلباء کے لئے بھی پی سی ایس کے امتحان میں شرکت میں آسانی ہو اس حوالے سے طلباء کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ پی سی ایس کا امتحان سی ایس ایس اسپیشل مقابلے کے امتحان کے بعد شیڈول کیا جائے، جس پر وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر ان کے پرنسپل سیکرٹری عمران گچکی نے چیئرمین بلوچستان پبلک سروس کمیشن عبدالسالک خان سے رابطہ کرتے ہوئے ان سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ جس کے بعد بلوچستان پبلک سروس کمیشن نے فیصلہ کیا کہ پی سی ایس کا امتحان سی ایس ایس کے مقابلے کے امتحان کے بعد لیا جائیگا پی سی ایس اور سی ایس ایس کا امتحان دینے والے امیدواروں نے وزیر اعلیٰ اور چیئرمین پبلک سروس کمیشن کے فیصلے کو سراہا ہے۔

## صوبائی دارالحکومت میں 7 غیر قانونی میڈیکل سٹورز سیل کر دیئے گئے

**لائسنس نمایاں جگہ آویزاں کرنے کی ہدایت**

**اسسٹنٹ کمشنر سٹی کی محکمہ صحت کے عملے کے ہمراہ کارروائی، طویل عرصے سے ممنوعہ ادویہ کی فروخت کی شکایت مل رہی تھی، عطا المنعم**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے عملے نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے 7 غیر قانونی میڈیکل سٹورز سیل کر دیئے تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر شہک بلوچ کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی عطا المنعم محکمہ صحت کے ڈرگ انسپکٹر بہرام بلوچ کے ہمراہ ہزارہ ٹاؤن میں کارروائی کرتے ہوئے 7 میڈیکل سٹورز سیل کر دیئے۔ اس موقع پر اے سی سٹی عطا المنعم نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں کافی عرصے سے شکایات مل رہی تھیں کہ ہزارہ ٹاؤن اور گردونواح میں نہ صرف ایرانی اور افغانستانی ممنوعہ نشہ آور ادویہ فروخت ہو رہی ہیں بلکہ اکثر میڈیکل سٹورز مالکان کے پاس لائسنس بھی نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دوران چیکنگ ہمیں ممنوعہ نشہ آور ادویہ نہیں ملیں لیکن میڈیکل سٹورز مالکان کے پاس لائسنس نہیں تھے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو بھی انسانی زندگیوں سے کھیلنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ کارروائیوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا انہوں نے سٹی ایریا کے تمام میڈیکل سٹورز مالکان کو ہدایت کی کہ وہ لائسنس نمایاں جگہ پر آویزاں کریں۔

92 نیوز کوئٹہ

## بلوچستان بورڈ نے 72 ہزار سے زائد اسناد امیدواروں تک پہنچادیں

**29 سال سے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کی اصل اسناد امیدواروں تک نہ پہنچائی جا سکی تھیں، چیئرمین بورڈ کے نوٹس پر اقدام**

**فرائض میں غفلت قابل برداشت نہیں، اب سستی کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی سخت ہوگی، اعجاز عظیم بلوچ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کوئٹہ اعجاز عظیم بلوچ کا اہم اقدام 72 ہزار سے زائد اصل اسناد امیدواروں تک پہنچادیں۔ چیئرمین بلوچستان بورڈ اعجاز عظیم بلوچ نے بڑی تعداد میں اسناد کی عدم ترسیل کا سختی سے نوٹس لے لیا، انہوں نے بتایا کہ 29 سال سے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کی 72 ہزار 408 ہزار زیر التوا اصل اسناد امیدواروں تک نہیں پہنچائی جا سکی تھیں جس نے چیئرمین بورڈ نے نوٹس لیا، انہوں نے بتایا کہ 1990 سے 2019 تک غلط ایڈریس، عدم توجہی ودیگر وجوہات کی بنا پر یہ اسناد امیدواروں تک نہیں پہنچیں اور بلوچستان بورڈ آفس میں پڑے ہوئے تھے، چیئرمین کے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد متعلقہ آفیسران کی عدم توجہی کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے صورتحال کی جانچ پڑتال کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے بتایا کہ امیدواروں تک اصل اسناد نہ پہنچنے والے ریجن میں تربت فہرست ہے، جہاں میٹرک کی 25 ہزار 1 سو 61 اور انٹرمیڈیٹ کی 10 ہزار 86 اصل اسناد امیدواروں تک نہیں پہنچیں، لورالائی میں میٹرک کی 30 ہزار 40 اور انٹرمیڈیٹ کی 9 ہزار 8 سو 37 اصل اسناد، خضدار میں میٹرک کی 3 ہزار 420 اور انٹرمیڈیٹ کی 7 ہزار 6 سو 78، ڈیرہ مراد جمالی میں میٹرک کی 2 ہزار 9 سو 66 اور انٹرمیڈیٹ کی 7 ہزار 300 اسناد امیدواروں تک نہیں پہنچے تھے۔ انہوں نے کہا کہ دن رات ایک کر کے اصل اسناد امیدواروں تک نہ پہنچنے کی وجوہات کا جائزہ لیا، اسناد کی ترسیل میں غفلت برتنے کے ساتھ ساتھ مختلف وجوہات سامنے آئے، 29 سال سے موجود ترسیل اسناد کا بیک لاگ ختم کر دیا گیا، اب بورڈ آفس کے متعلقہ برانچ میں کوئی زیر التواء سند باقی نہیں رہی۔ چیئرمین بلوچستان بورڈ نے بتایا کہ فرائض میں غفلت قابل برداشت نہیں، اب سستی کا مظاہرہ کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی، ہم بلوچستان کے طلباء وطالبات کو سہولت دینا چاہتے ہیں ان کے لئے مسائل پیدا کرنے والوں کو گھر بھجوا دیں گے، انہوں نے مزید کہا کہ بحیثیت چیئرمین بلوچستان بورڈ عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے کسی بھی مسئلہ کے حل کے لئے چیئرمین آفس سے رجوع کیا جاسکتا ہے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 8

Bullet No. 2

# طلباء کے مابین دو گروہوں میں تصادم' بلوچستان یونیورسٹی غیر معینہ مدت کیلئے بند

تمام طلبہ کو یونیورسٹی ہاسٹل فوری خالی کرنیکی ہدایت جاری، لڑکوں کا ہاسٹل گزشتہ رات گئے خالی کرالیا گیا ہاسٹل اسی کرانے کے باعث طلبا رات کو خوار ہو گئے

گزشتہ روز طلبا کے دو گروہوں میں تصادم کے باعث سات طلبہ زخمی ہو گئے تھے، جنہیں سول اسپتال میں طبی امداد دینے کے بعد فارغ کر دیا گیا تھا۔ ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونیورسٹی میں طلبہ کے 2 گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں 7 طلبہ زخمی ہو گئے، تصادم کے بعد یونیورسٹی کو غیر معینہ مدت کے لیے بند کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 9 پر

2 طلبہ گروپوں میں تصادم کے بعد بلوچستان یونیورسٹی غیر معینہ مدت کے لیے بند کر دی گئی، جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ آئندہ احکامات تک جامعہ تمام تعلیمی مقاصد کے لیے بند رہے گی۔ قبل ازیں پولیس حکام کا کہنا تھا کہ دو گروہوں میں تصادم کے نتیجے میں سات طلبہ زخمی ہوئے، جنہیں سول اسپتال میں طبی امداد دینے کے بعد فارغ کر دیا

## پولیس' لیویز کی تنخواہوں کا مسئلہ' پراسیکیوٹر نے وزیر اعلیٰ کو خط لکھ دیا

حکومت تحلیل ہونے سے قبل وزیر اعلیٰ پولیس و لیویز فورسز کی تنخواہوں میں اضافہ کرے' ساجد ترین ایڈووکیٹ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان پولیس اور لیویز کی تنخواہوں میں اضافے کا مسئلہ اور پراسیکیوٹر جنرل بلوچستان ساجد ترین ایڈووکیٹ کا وزیر اعلیٰ کو اہم خط لکھ دیا پراسیکیوٹر جنرل ساجد ترین ایڈووکیٹ نے سینکڑوں پولیس اور لیویز اہلکاروں کی درخواست پر........ بقیہ 51 صفحہ نمبر 9 پر

افسران کی تنخواہوں میں اضافہ اور پنجاب کے برابر کرنے کے لئے وزیر اعلیٰ کو اہم خط لکھ دیا ساجد ترین ایڈووکیٹ نے اپنے خط میں کہا کہ اس حکومت کے خاتمے سے پہلے وزیر اعلیٰ پولیس اور لیویز کی تنخواہوں میں اضافہ کرے کیونکہ فورسز صوبے کے لئے اپنی جانوں کی قربانیاں دیتی ہیں لیکن انہیں مناسب تنخواہیں بھی نہیں دی جاتیں وزیر اعلیٰ کے اس اقدام کو بلوچستان کے عوام ہمیشہ سراہتے رہیں گے اور اسی طرح قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی ذمہ داریاں مزید بہتر طریقے سے ادا کریں گے یاد رہے

## کوئٹہ' فاطمہ جناح ہسپتال میں کانگو وائرس کے مزید دو مشتبہ مریض داخل

ایک مریض کی حالت تشویشناک' رواں سال مثبت کیسز کی تعداد 25 ہو گئی

کوئٹہ (اے پی پی) کوئٹہ کے فاطمہ جناح ہسپتال میں کانگو وائرس کے مزید دو مشتبہ مریض داخل کئے گئے رواں سال مثبت کیسز کی تعداد 25 ہو گئی ایک مریض کی حالت تشویشناک ہے انتظامیہ فاطمہ جناح ہسپتال کے مطابق ضلع چمن سے تعلق زیارت سے تعلق رکھنے والا 20 سالہ اختر محمد کے ناک اور منہ سے خون آنے کی شکایت پر تشویشناک حالت میں........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 9 پر

گزشتہ شب ہسپتال منتقل کیا گیا جبکہ ضلع چمن سے تعلق رکھنے والے آٹھ سالہ محمد سلیم کو کانگو وائرس کے شبہ میں ہسپتال لایا گیا دونوں مریضوں کے خون کے نمونے لیباٹری ٹیسٹ کے لئے بھجوا دیئے گئے ہیں ہسپتال انتظامیہ کے مطابق رواں سال اب تک کانگو وائرس کے 25 کیسز رپورٹ ہوئے جن میں 9 مریض جاں بحق ہوئے ہیں۔

## بلوچستان پولیس تبادلے' اعتزاز احمد گورایہ ڈی آئی جی کوئٹہ تعینات

ان کے پیشرو ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ کیپٹن (ر) غلام اظفر مہیسر کی خدمات سندھ حکومت کے حوالے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان پولیس کے ڈی آئی جی اور ایس پیز کے تبادلے' سینٹرل پولیس آفس بلوچستان کوئٹہ کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سی ٹی ڈی بلوچستان اعتزاز احمد گورایہ کو ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ تعینات کیا گیا ہے جبکہ سی ٹی ڈی کا اضافی چارج بھی ان کے پاس رہے گا ان کے پیشرو ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ کیپٹن (ر)........ بقیہ نمبر 70 صفحہ نمبر 9 پر

غلام اظفر مہیسر کی خدمات سندھ حکومت کے حوالے کردی گئی ہے اسی طرح ایس پی صحبت پور سجاد حیدر ترین کو اے آئی جی لیگل سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ جبکہ تعیناتی کے منتظر عبدالرؤف بڑیچ کو قائمقام ایس پی صحبت پور تعینات کیا گیا۔

Century Express Quetta

## سبی، چینی دوسرے شہر منتقل کرنے والوں کو جرمانے

ایسے ڈیلرز کا این او سی معطل کرنے کیلئے مراسلہ لکھا جائے گا، علی شاہ

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سبی علی شاہ عباسی کی سربراہی میں انچارج لیویز لائن سبی رسالدار محمد عارف مری و نائب تحصیلدار سبی نے کامیاب کاروائی کرتے ہوئے چینی کے بیگز سبی شہر سے دوسرے شہر منتقل کرنے والے ڈیلرز کو بھاری جرمانہ عائد کیا گیا ہے اور مزید متعلقہ ڈیلر کا این او سی تین مہینوں تک معطل کرنے کیلئے حکام بالا کو مراسلہ لکھا جائے گا تاکہ آئندہ اس قسم کے جرائم سے بچا جا سکے انہوں نے کہا کہ سبی شہر کی عوام کیلئے جو اشیائکا خصوصی کوٹہ دیا گیا ہے وہ اسی شہر کی عوام کے اوپر خرچ ہوگا ناجائز ذخیرہ اندوزی کرنے اور چینی سمیت مختلف اشیائکی اندرون شہر منتقلی کرنے والوں کیخلاف ضلعی انتظامیہ بی متحرک ہے اور انکے خلاف سخت کاروائیاں کی جائیں گی اس قسم کی حرکات کی روک تھام سے اشیائکی قیمتیں بھی کم اور سپلائی کو بھی برقرار رکھا جاسکتا ہے۔

## ڈپٹی کمشنر قلات کا زیر تعمیر منی بس اڈے کا دورہ

ٹرانسپورٹرز کیلئے تمام سہولتیں، مرد و خواتین کیلئے مسافر خانے تعمیر ہونگے، بریفنگ

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کا زیر تعمیر ارباب ٹرمینل (منی بس اڈہ) کا دورہ۔ ارباب ٹرمینل کے لیئے زمین مختص کرنیوالے سیاسی قبائلی رہنماء ارباب میر احمد دہوار نے ڈپٹی کمشنر کو اڈے کا تفصیلی دورہ کرایا اور تعمیرات سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ بہت جلد اڈہ کا تعمیراتی کام مکمل کرلیا جائیگا چار ایکٹر پر مشتمل اس اڈہ میں مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کیلئے تمام تر بنیادی سہولیات کی دستیابی یقینی بنائی جائیگی مرد اور خواتین کے لیئے الگ الگ مسافر خانے تعمیر کیئے جا رہے ہیں ڈرائیور حضرات کے آرام کے لیئے بھی الگ کمرے بنائے گئے ہیں اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیئے فلٹر پلانٹ بھی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے نصب کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر منیر احمد درانی نے اڈہ میں ہونے والے تعمیراتی کام کو تسلی بخش قرار دیتے ہوئے ارباب میر احمد کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرادی۔

# بلوچستان کی آبادی 70 لاکھ کم ظاہر کرنا ناانصافی ہے، نواب زہری

## قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں کمی ہوگی، بلوچستان کے ہر شعبے کو نقصان پہنچے گا، وفد سے بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، چیف آف جھالاوان و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری نے کہا ہے کہ مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس میں بلوچستان کی آبادی کو 70 لاکھ کم ظاہر کرنا صوبے کے عوام کے ساتھ ناانصافی ہے کیونکہ 70 لاکھ آبادی کی کٹوتی سے نہ صرف قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں کمی ہوگی بلکہ بلوچستان کے ہر شعبے کو نقصان پہنچے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیپلز پارٹی کے وفد سے بات چیت میں کیا، انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے مردم شماری کے نتائج کو تسلیم کرنا ہی نہیں تھا تو مردم شماری کرانے کی ضرورت ہی کیوں پیش آئی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالات گزشتہ 2 دہائیوں سے خراب رہے اور مخدوش حالات کے باعث مختلف علاقوں کے شہریوں نے سندھ اور صوبے کے دیگر علاقوں میں نقل مکانی کی جہاں ماجرین کی زندگی گزاری تاہم گزشتہ حکومت میں حالات میں بہتری آئی تو وہ واپس اپنے علاقوں کی جانب منتقل ہوئے، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ صاف اور شفاف ڈیجیٹل مردم شماری ہوئی اور ہم سمجھتے ہیں کہ وقت بھی بلوچستان کے کچھ علاقوں میں مخدوش صورتحال کے باعث لوگ نقل مکانی کر چکے ہیں اور وہ اس ڈیجیٹل مردم شماری کا حصہ نہیں بن سکے اس کے باوجود مردم شماری کے موجودہ نتائج کو ہم نے تسلیم کیا لیکن افسوس کہ وزیراعظم نے ایک صوبے کو تقویت دیکر بلوچستان کی آبادی پر کٹ لگایا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حقوق کیلئے پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور کوچیئرمین سابق صدر آصف علی زرداری سے بات کروں گا اور بلوچستان کے حقوق کے لئے ہر پلیٹ فارم کو استعمال کیا جائیگا۔

# سینیٹر دنیش کمار نے دھرتی کے بیٹے کا حق ادا کیا، جام کمال

## سینیٹ میں این ایچ اے کی ناقص کارکردگی کو اجاگر کیا، پلوں کی تعمیر فوری شروع کی جائے، ٹویٹ

بیلہ (نامہ نگار) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی نے این ایچ اے کی ناقص کارکردگی پر بلوچستان سے سینیٹر دنیش کمار کے سینیٹ میں خطاب پر انہیں دھرتی کا بیٹا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے اپنی ذمہ داری عمدہ طریقے سے نبھائی۔ ایک ٹویٹ میں سینیٹر دنیش کمار کے خطاب کی ویڈیو کلپ شیئر کرتے ہوئے جام کمال نے کہا کہ متعلقہ وزیر کو صوبے کے پلوں کی تعمیر کے سلسلے میں فوری اپنی ٹیم بھیج کر ہنگامی طور پر یہ مسئلہ حل کرنا چاہئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے بھی کہیں گے کہ وہ بلوچستان کے ایک سال سے ٹوٹے ہوئے پلوں پر ایف ڈبلیو او یا انجینئرنگ ونگ کی تعیناتی ممکن بنائیں۔

INTEKHAB QUETTA

# رؤف برکت کو بے گناہ قتل کیا گیا، بلوچ یکجہتی کمیٹی کی احتجاجی ریلی

## اسلام کسی بے گناہ شخص کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیتا ہے، کوئی شخص جرم کرے تو سزا کا اختیار حکومت اور قانون کو حاصل ہے

## کسی بھی شخص پر الزام سے پہلے تفتیش اور تحقیق ضروری ہے، قاتلوں کو فوری گرفتار کرکے لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے، مقررین

تربت (نمائندہ انتخاب) بلوچ یکجہتی کمیٹی کے زیر اہتمام رؤف برکت کے قتل کے خلاف ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی، ریلی بولان اسکول سے ہوتی ہوئی مختلف شاہراہوں سے گزر کر شہید فدا چوک پر جلسہ کی شکل اختیار کرگئی، ریلی میں مرد و خواتین، طلباء شریک تھے انہوں نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، ریلی کے شرکاء مقتول رؤف برکت کے نعرے بازی کرکے قاتلوں کی گرفتاری اور انصاف کا مطالبہ کررہے تھے، ریلی سے ڈاکٹر مصدق بلوچ، صبغت اللہ شاہ جی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رؤف برکت کو بے گناہ قتل کیا گیا، بقیہ نمبر 82 صفحہ 7 پر

اسلام کسی بے گناہ شخص کے قتل کو پوری انسانیت کا قتل قرار دیتا ہے، اگر کوئی شخص کوئی جرم کرے تو سزا و جزا کا اختیار حکومت اور قانون کو حاصل ہوتا ہے کسی بھی شخص پر الزام سے پہلے تفتیش اور تحقیق ضروری ہے، مقررین نے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور مقتول کے لواحقین کو مکمل انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا، انہوں نے خودساختہ جرگہ کو مسترد کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ جرگہ ہی رؤف بلوچ کے قتل کا موجب بنا ہے لہٰذا انہیں شامل تفتیش کیا جائے اور شہید کے قاتلوں کا سراغ لگایا جائے، مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ جب ملکی ادارے موجود ہیں، عدالتیں ہیں تو پھر اس طرح جرگہ لگا کر سزا و جزا کے فیصلے سنانا زیادتی ہے۔

# بارڈر سے تیل لانے کے بھتہ پر حصہ بھی وزیراعلیٰ ہاؤس جاتا ہے، ظہور بلیدی

## چینی کے پرمٹ کے اجراء اور افسران کے تقرر و تبادلے پر بھی پیسے لئے جاتے ہیں، اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال

کوئٹہ (این این آئی) رکن صوبائی اسمبلی ظہور بلیدی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو پر الزام عائد کیا ہے کہ بلوچستان میں کرپشن اتنی ہے کہ بارڈر سے تیل لانے والوں سے بھتہ لیا جارہا ہے، اس کا حصہ بھی وزیر اعلیٰ ہاؤس جاتا ہے، چینی کے پرمٹ کے اجرا اور آفیسرز کی تقرر اور تبادلے میں بھی پیسے لئے جاتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسپیکر بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

میر جان محمد جمالی کی زیر صدارت بلوچستان اسمبلی کے آخری اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی ظہور بلیدی نے کہا کہ ہم نے پانچ سالوں میں بہت کچھ سیکھا ہے، سابق وزیر اعلیٰ جام کمال نے اچھے کام کیے مگر انہیں عدم اعتماد کا سامنا کرنا پڑا، میرے سینے میں بہت سارے راز ہیں کہ قدوس بزنجو کیسے وزیر اعلیٰ بنے، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ عبدالقدوس بزنجو 500 دنوں میں صرف 10 دن اپنے دفتر میں آئے، ظہور بلیدی نے کہا کہ جام کمال کو نکالنے میں ساڑھے تین سال لگے، قدوس بزنجو کو اٹھانے میں اسمبلی کو ڈیڑھ سال کا عرصہ لگا۔ ظہور بلیدی نے کہا کہ پوری دنیا کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہوا کہ بلوچستان کابینہ کا اجلاس رات کے 3 بجے منعقد ہوا، ظہور بلیدی نے الزام عائد کیا کہ بلوچستان میں کرپشن اتنی ہوگئی ہے کہ تیل لانے والوں سے بھتہ لیا جارہا ہے، اس کا حصہ بھی مبینہ طور پر وزیر اعلیٰ ہاؤس جاتا ہے، چینی کے پرمٹ اور آفیسرز کی تقرر اور تبادلے میں بھی پیسے لئے جاتے ہیں۔ ظہور بلیدی نے مزید کہا کہ بلوچستان کی آبادی کو کم کرنے کا فیصلہ وزیر اعلیٰ قدوس بزنجو نے تسلیم کیا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 DATE: 09 AUG 2023 Page No: 14

# پنجگور ہول سیلرز کی لوٹ مار جاری، انتظامیہ غافل

ہول سیلرز چینی کے پچاس کلو پارسل میں 45یا 47 کلو چینی اور آدھا کلو پتی کے نام پر 350 سے 400 گرام پتی دے رہے ہیں

**گھی تیل آٹا سمیت پیک شدہ تمام اشیاء میں ہول سیلرز کی ملی بھگت سے غریب عوام کو لوٹا جا رہا ہے، رپورٹ**

پنجگور (آن لائن) مختلف اشیاء خوردونوش کمپنیوں و ہول سیلرز کی جانب سے عوام کی لوٹ مار جاری ادارے خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں عوامی حلقوں نے الزام لگایا ہے کہ چینی کی پچاس کلو کی جگہ 45/47 کلو جبکہ چائے پتی کے پانچ سو گرام یعنی نیم کلو کی جگہ

بقیہ نمبر 29 صفحہ 5 پر

350/400 گرام اسی طرح روغن آٹا پیک شدہ تمام اشیا میں ہول سیلرز کی ملی بھگت سے غریب عوام کی لوٹ مار جاری ہے انہوں نے کہا ہے کہ ہول سیلرز کمپنیوں سے مل کر ان کی پیکنگ کر کے لوٹ مار کر رہے ہیں پچاس کلو بوری چینی کو مختلف ہول سیلرز نے آدھا چیپر (کلو کی) پیکنگ شروع کر دی ہے جس میں پانچ سے تین دو کلو کی کی جا رہی ہے انہوں نے کہا ہے کہ ہول سیلرز چینی والوں سے مل کر یہ گھناؤنا دھندہ کر رہے ہیں جس کو نہ اسلام اجازت دیتا ہے نہ قانون و اخلاقی طور پر جائز سمجھا جاتا ہے انہوں نے کہا ہے کہ عوام کی لوٹ مار ایسے دھندہ کرنے والوں کی لوٹ مار کے ذمہ دار ادارے ہیں جو خاموش تماشائی بنے بیٹھے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ دوسری جانب پنجگور پلنتاک کے راستے سے چینی چاول آٹے افغانستان میں اسمگلنگ کرنے سے دن بدن قیمتوں میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے سب کچھ جانتے ہوئے ضلعی انتظامیہ خاموش ہے انہوں مطالبہ کیا ہے کہ اعلیٰ احکام نوٹس لے۔

# صحبت پور میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہے، عوامی حلقے

ڈاکٹر محفوظ نہ تاجر محفوظ چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں نے شہر روز کا معمول پولیس کی توجہ جوا اور منشیات کی طرف توجہ نہیں

**شہر میں پولیس گشت میں اضافے سمیت چوری اور ڈکیتوں شدہ سامان کی فوری برآمدگی کا مطالبہ کیا ہے**

صحبت پور (یو این اے) صحبت پر شہر امن وامان کی صورت حال ابتر نہ ڈاکٹر محفوظ نہ تاجر محفوظ چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں نے شہر روز کا معمول پولیس کی توجہ جوا اور منشیات کی طرف۔ تاجروں اور ڈاکٹروں نے آئی جی بلوچستان سے نوٹس لیتے کا مطالبہ۔ صحبت پور سینئر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

ڈاکٹر برکت علی دایو سے موبائل چھینے اور آئے روز تاجروں کے دکانوں کے تالا اور چھت توڑ کر چوری کی وارداتوں نے صحبت پور شہر کا سکون تباہ کر دیا ہے۔ صحبت پور پولیس کی ساری توجہ کھاتے پر جوانوں کو چھوڑنے منشیات اور جوا پر توجہ مرکوز ہے۔ ڈاکٹروں یونین اور انجمن تاجران نے آئی جی بلوچستان عبدالخالق شیخ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اور شہر میں امن وامان کی بحالی کے لئے ہڑتال کی دھمکی دتے ہوئے مطالبہ کیا ہے شہر میں پولیس گشت میں اضافے سمیت چوری اور ڈکیتوں شدہ سامان کی فوری برآمدگی کا مطالبہ کیا ہے

92 نیوز کوئٹہ

# حکومتی عدم توجہی کنزیومر کورٹس نہ بن سکیں

سابق وزرائے اعلیٰ نے اعلان کیا لیکن عملدرآمد نہ ہو سکا، تاجروں کے ہاتھوں صارفین کی تذلیل کا سلسلہ جاری، جناح روڈ پر جعلی برانڈ کے مہنگے داموں جوتے فروخت کر کے شہریوں کو لوٹا جا رہا

**محکمہ صنعت اور تاجروں کی مبینہ ملی بھگت سے آئے روز اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا، عوامی حلقوں کی چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ سے نوٹس لینے کی اپیل**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومتی عدم توجہی کے سبب بلوچستان میں کنزیومر کورٹس کا قیام عمل میں نہیں لایا جا سکا، دکانداروں کے ہاتھوں شہریوں کی تذلیل معمول بن چکی، محکمہ انڈسٹریز اور تاجروں کی مبینہ ملی بھگت سے آئے روز اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کیا جا رہا ہے جس سے صارفین کو شدید مشکلات درپیش ہیں، عوامی حلقوں نے چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ گزشتہ روز صوبائی دارالحکومت اسٹور "لائف فارمیسی" میں ایک گاہک نے سامان واپس کرنے کیلئے رابطہ کیا مگر وہاں پر موجود میڈیکل کے عملے نے ان کیساتھ کوئی تعاون نہیں کیا بلکہ شروع میں ٹال مٹول سے کام لے کر صارف کے ذمے چیز واپس لے جانے کی کوشش کی، نوجوان صارف نے بارہا اصرار کیا کہ جب وہ سامان خرید رہے تھے تو انہیں کمپیوٹرائزڈ رسید نہیں دی گئی انہوں نے مذکورہ عملے کی شناخت بھی کی جس سے انہوں نے سامان خریدا تھا مگر کافی دیر تک اسٹور کے عملے نے صارف کیساتھ بدتمیزی شروع کر کے سامان واپس یا تبدیل کرنے سے انکار کر دیا، نجی میڈیکل اسٹور میں کیمرے بھی لگے ہوئے ہیں اور گاہک کے اصرار کرنے کے بعد بھی انہوں نے اپنا کیمرہ ریکارڈ چیک نہیں کیا جس کے بعد وہ صارف مایوس ہو کر واپس لوٹ گیا۔ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں تاجروں کی جانب سے گاہکوں کے ساتھ اس طرح رویہ اختیار کرنا معمول بن چکا ہے، چھوٹے تاجروں کے ساتھ ساتھ شہر کے والا ہر دوسرا تاجر گاہک کو مہنگے اور من مانے داموں غیر معیاری اور زائد المیعاد اشیا فروخت کرتے ہیں اور جب کوئی شکایت کرنے یا سامان تبدیل کرنے کی بات کرے تو دکاندار نہ صرف انکار کرتے ہیں بلکہ لڑائی جھگڑا کر بھی کرتے ہیں جو باعث تشویش ہے۔ شہر کے وسط میں جناح روڈ پر درجنوں غیر معیاری اور جعلی برانڈز کے نام پر مہنگے داموں جوتے فروخت کر کے پر شہریوں کو لوٹا جا رہا ہے جس پر کوئی ایکشن نہیں لیا جا رہا انتظامیہ اور حکمران 2003 کو "بلوچستان کنزیومر پروٹیکشن ایکٹ 2003" کی منظوری دی گئی اور اس ایکٹ کے تحت صارفین کے حقوق کو پامال کرنے پر دو سال تک قید اور 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا ہو سکتی ہے۔ مگر حکومتی عدم توجہی کے سبب اب تک بلوچستان میں کہیں بھی صارف عدالتوں کا قیام عمل میں نہیں لایا جا سکا، سابق وزرائے اعلیٰ اور صوبائی وزرا نے اعلان کیا مگر اب تک ان اعلانات پر عملدرآمد نہیں ہوا ہے اور اب بھی تاجروں کے

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 15

Bullet No. 5

# پنجگور: مہنگائی بے قابو، چینی فی کلو 190 روپے میں فروخت

## پرائس کنٹرول کمیٹی غیر فعال

**ہول سیلرز اور کمپنیوں کی ملی بھگت سے آٹا، چینی، گھی و دیگر اشیاء خوردنی کے وزن میں کمی، غریب عوام کو لوٹنے کا سلسلہ جاری، نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے**

پنجگور (نامہ نگار) مہنگائی کا جن بے قابو، مختلف اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، عوام کو لوٹنے کا سلسلہ جاری، ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی خاموش، رپورٹ کے مطابق شہر میں مہنگائی عروج پر پہنچ گئی ہے اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگی ہیں غریب عوام کی قوت خرید جواب دے گئی ہے چینی کی فی کلو قیمت 190 روپے تک پہنچ گئی ہے مختلف کمپنیوں نے کم وزن اشیاء فروخت کرنا شروع کر دیا ہے عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ چینی کی 50 کلو بوری کا وزن کم کر کے 47 کلو جبکہ چائے پتی کے آدھے کلو میں سو سے ڈیڑھ سو گرام کم کر کے فروخت کی جا رہی ہے گھی آٹا و دیگر تمام اشیاء میں ہول سیلرز کی ملی بھگت سے کم وزن پر فروخت کر کے غریب عوام کی لوٹ مار جاری ہے ہول سیلرز اور کمپنیوں کی ملی بھگت سے اشیاء خوردنی وزن کم کر کے پیکنگ کر کے مارکیٹ میں میں فروخت کر رہے ہیں جنہیں ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹی کی باقاعدہ آشیرباد حاصل ہے مقامی انتظامیہ کو ایرانی بارڈر میں تیل کے کاروبار سے منسلک زمباد گاڑیوں کی تعداد گننے اور بھتہ وصولی سے فرصت نہیں ملتی دوسری جانب پنجگور پلنتاک کے راستے سے چینی چاول آٹا افغانستان بڑے مقدار میں اسمگلنگ کا سلسلہ جاری ہے جس کی وجہ سے آئے اشیاء خوردنی کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے عوامی حلقوں نے مقامی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

# جا بجا تجاوزات، جوائنٹ روڈ کی دو رویہ شاہراہ پر ٹریفک جام معمول بن گیا

## علاقہ مکین، طلبا اور ملازمین کو مشکلات

**جگہ جگہ ٹریفک جام، فٹ پاتھ پر تجاوزات، سڑک پر تجارتی خوانچے اور ریڑھیاں، نو پارکنگ ایریا میں جا بجا گاڑیوں کی پارکنگ، ہوٹلوں کے ٹیبل کرسیاں، مکینوں کا گزرنا محال**

**سارا دن ٹریفک رک رک کر چلتی ہے جگہ جگہ تجاوزات قائم، فٹ پاتھوں پر خوانچے لگائے گئے ہیں، جبکہ گاڑیوں، رکشوں اور موٹر سائیکلوں کی غیر قانونی پارکنگ اس کے علاوہ ہے**

**پیدل چلنا بھی محال ہو گیا ہے خواتین بوڑھوں اور بچوں کو گھر سے نکلتے ہوئے سو بار سوچنا پڑتا ہے، متعدد حادثات بھی رونما ہو چکے ہیں، علاقہ مکینوں کی مشرق سے بات چیت**

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) ٹریفک پولیس اور ریلوے حکام کی عدم توجہی یا دانستہ چشم پوشی؟ جوائنٹ روڈ کی دو رویہ شاہراہ جا بجا قائم تجاوزات کے باعث ٹریفک جام کا مرکز بن گئی، بروری اسٹاپ سے پاسپورٹ آفس اور بے نظیر پل تک جگہ جگہ ٹریفک جام، فٹ پاتھ پر تجاوزات، سڑک پر تجارتی خوانچے اور ریڑھیاں، نو پارکنگ ایریا میں جا بجا گاڑیوں کی پارکنگ، ہوٹلوں کے ٹیبل کرسیاں دیبہ سے بروری اور ریئسانی روڈ تک مکینوں کا گزرنا محال ہو گیا۔ واضح رہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی اور ٹریفک کی روانی کے پیش نظر جوائنٹ روڈ کو چند برس پیشتر دو رویہ کر دیا گیا تھا گزشتہ دو برسوں کے دوران متعدد بار جوائنٹ روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائیاں بھی کی گئیں جس کے بعد ٹریفک کے مسائل کم ہو گئے تھے لیکن حالیہ چند مہینوں کے دوران ایک بار پھر قبضہ مافیا کا طوطی بولنے لگا ہے۔ مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے علاقہ مکینوں نے شکایت کی ان کے لئے راہ چلنا مشکل ہو گیا ہے عام طور پر شہر کے دیگر علاقوں میں سکولوں اور دفاتر کے اوقات میں ٹریفک جام ہوتی ہے لیکن جوائنٹ روڈ کوئٹہ کا واحد علاقہ ہے جہاں سارا دن ٹریفک رک رک کر چلتی ہے بروری اسٹاپ سے لے کر بے نظیر فلائی اوور تک جگہ جگہ تجاوزات قائم کئے گئے ہیں کہیں ہوٹل والوں نے ٹیبل اور کرسیاں سڑک کنارے رکھی ہوئی ہیں تو کہیں فٹ پاتھوں پر خوانچے لگائے گئے ہیں اتوار بازار کے علاقے میں پھل اور سبزی فروشوں کے لئے جو جگہ مختص کی گئی ہے ریڑھ بان اس سے بہت آگے آ گئے ہیں روڈ پر ایک ساتھ تین سے چار ریڑھیاں رات گئے تک کھڑی رہتی ہیں جبکہ جگہ جگہ گاڑیوں، رکشوں اور موٹر سائیکلوں کی غیر قانونی پارکنگ اس کے علاوہ ہے اس صورتحال کے باعث مین روڈ، ریلوے کالونی، دیبہ اور دیگر ملحقہ علاقوں کے مکین دن بھر ٹریفک میں خوار ہو رہے ہوتے ہیں انہوں نے کہا کہ اب تو صورتحال یہ ہو گئی ہے پیدل چلنا بھی محال ہو گیا ہے

# لورالائی: کروڑوں کی سولر پلیٹس ناکارہ، سڑکوں پر اندھیرا، وارداتیں عام

**ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لورالائی مسائلستان کا گڑھ بن چکا، موجودہ اور سابقہ حکومتوں میں جاری درجنوں منصوبے ابتک فعال نہ ہو سکے**

**15 کروڑ کی لاگت سے سٹریٹ لائٹس کیلئے لگے سولر پینل دو سال میں ہی ناکارہ ہو گئے، عوام کا پیسہ پلاننگ سے خرچ کرنے کا مطالبہ**

لورالائی (رپورٹ ملک امانت حسین کاکازئی) ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لورالائی اس وقت مسائلستان کا گڑھ بن چکا ہے موجودہ سابقہ اور اس سے بھی قبل کی حکومتوں میں جاری درجنوں منصوبے ابتک تک فعال نہیں ہو سکے جسمیں پانچ کروڑ روپے لاگت سے شہر کے مختلف علاقوں میں بنائے گئے بیت الخلاء، کمشنر آفس کے قریب 12 کروڑ روپے کی لاگت سے پبلک پارک، بے نظیر گائنی ہسپتال، وویمن ہاسٹل، نیو سبزی منڈی سمیت درجنوں ایسے منصوبے شامل ہیں جنکی پیمنٹ مکمل وصول ہونے کے باوجود بھی درجنوں منصوبے ادھورے ہیں لورالائی شہر میں پچھلی گورنمنٹ میں سی ایم پیکج اور موجودہ گورنمنٹ میں تقریباً 12 سے 15 کروڑ روپے کی لاگت سے شہر میں روشنی کے لیے انرجی سولر شمسی پینل نصب کیے گئے جو دو سال کی مدت میں ہی خراب ہو گئے جنکی سٹریٹ لائٹس اس وقت عدم توجہ کی وجہ سے مکمل خراب ہو چکی ہیں اور شہر میں لگے سینکڑوں انرجی شمسی پینل اس وقت مکمل طور پر خراب ہو چکے ہیں جسکی وجہ سے لورالائی شہر سر شام ہی اندھیری وادیوں میں ڈوب جاتا ہے اس اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے چوروں کی چاندی ہو گئی ہے اور سٹریٹ کرائم میں شدید اضافہ ہو گیا ہے ستم ظریفی کی بات تو یہ ہے کہ عوام کے ٹیکسوں کا پیسہ بغیر پلاننگ کے خرچ کیا جاتا ہے جسکی وجہ سے عوام کو سہولیات ملنے کے بجائے رقم کرپشن اور کمیشن کی نظر ہو جاتی ہے اور ہر منصوبہ عوام کے لیے بجائے فائدے کے وبال جان بن کر رہ جاتا ہے اگر ان سٹریٹ لائٹس کی بیٹریوں وغیرہ کو وقت پر چیک کیا جاتا اور معمولی رقم سے ٹھیک کیا جا سکتا تھا تو بیک وقت تمام کی تمام خراب نہ ہوتیں ہمارے ملک میں الٹی گنگا بہتی ہے ہر منصوبہ کمیشن تک محدود ہوتا ہے کمیشن کے بعد اگلا منصوبہ اور پھر کمیشن اور پھر اگلا مشن ہوتا ہے عوام نے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے ٹیکسوں کے پیسوں کو اتنی بے دردی اور بغیر پلاننگ سے خرچ کرنے کے بجائے تھوڑی سی منصوبہ بندی اور پلاننگ اور مشورے سے خرچ کیا جائے تو بہت بہتر ہوگا اور ہر حکومت کا منصوبہ اس حکومت کے ختم ہونے سے پہلے ہی فعال کرنے کا قانون پاس ہونا چاہیے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan news

Bullet No. 6 DATE: 09 AUG 2023 Page No: 16

# سبی ہرنائی ٹرین سروس کی بحالی، خوش آئند و مستحسن!!

اگر چہ ان دنوں ہر طرف مہنگائی، بے روزگاری اور سیاسی منظرنامے پر جاری صورتحال کے تناظر میں بحث مباحثے جاری ہیں حکومت اور اپوزیشن کے مابین نگران سیٹ اپ کی تشکیل، انتخابات کے انعقاد اور اس سے جڑی خبریں موضوع بحث بنی ہوئی ہیں علاوہ ازیں ساتویں قومی مردم شماری اور نئی حلقہ بندیوں کے حوالے سے بھی خبروں کا بازار گرم ہے لیکن اسی دوران گزشتہ روز یہاں بلوچستان میں ایک اہم پیشرفت یہ ہوئی کہ عرصہ دراز سے زیر تکمیل سبی ہرنائی ٹریک نہ صرف مکمل ہوا بلکہ اس ٹریک پر ٹرین سروس کی بحالی بھی کردی گئی جو انتہائی خوش آئند و مستحسن اقدام ہے اس کی بدولت جہاں سبی اور ہرنائی کے بیچ لوگوں کو بہتر سفری سہولت میسر آئے گی وہاں تجارتی سرگرمیوں میں خاطر خواہ تیزی آئے گی زرعی شعبہ سب سے زیادہ مستفید ہوگا سبی ہرنائی سیکشن کا باقاعدہ افتتاح گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے گزشتہ روز کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان کا کہنا تھا کہ تاریخی شہر سبی اور ہرنائی کے درمیان ریلوے کی بحالی سے پورے علاقے کی معیشت اور زراعت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، ریلوے کی بحالی سے ڈسٹرکٹ ہرنائی اور زیارت کے طلباء وطالبات کو بھی ہائیر ایجوکیشن کے حصول کے مواقع میسر ہو جائیں گے، انہوں نے کہا کہ ملک وصوبے کے دیگر علاقوں سے رابطے مکمل طور پر بحال ہونے سے علاقے میں معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ بھی ملے گا، اس کے علاوہ موجودہ حکومت ریلوے سہولیات کے ساتھ قومی شاہراہوں کی تعمیر کیلئے بھی کوشاں ہے، گورنر بلوچستان نے کہا کہ ریلوے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے، صوبہ بھر کے عوام کو ریلوے کی سفری سہولیات فراہم کرنے سے عوام کے دیرینہ مسائل حل ہو جائیں گے، انہوں نے کہا کہ ہمیں مستقل قریب کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر ایک جامع حکمت عملی وضع کرنی ہوگی، نہوں نے کہا کہ سبی ہرنائی ریلوے ٹرین کی بحالی عوام کے لئے کسی انقلاب سے کم نہیں، ہرنائی قدرتی وسائل کے ساتھ زرعی اجناس کی پیداوار میں نمایاں مقام رکھتا ہے، سبی ہرنائی ریلوے ٹرین ٹریک کی بحالی کے لئے تین فیز پر کام کررہے ہیں، پہلا فیز سبی بابر کچھ، دوسرا فیز بابر کچھ سے ہرنائی اور تیسرا فیز ہرنائی سے کھوسٹ تک چند ماہ میں مکمل ہوجائے گا، نہوں نے کہا کہ ہرنائی سبی ریلوے ٹرین کی بحالی سے عوام کے کئی مسائل حل ہونگے، سبی ہرنائی ریلوے سیکشن کی بحالی سے سبی ہرنائی کی عوام کو ریل کے سستے سفر کی سہولت کے ساتھ ہرنائی کے کوئلہ ودیگر معدنیات اور تازہ سبزیاں ملک کے دیگر علاقوں میں ریل کے ذریعے

خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سبی، ہرنائی ریلوے سیکشن کی دوبارہ بحالی سے عام لوگوں کو سفری سہولیات میسر ہونے کے ساتھ زمینداروں کو اپنی سبزیوں کو بروقت مقامی مارکیٹوں تک پہنچانے میں مدد ملے گی۔ بزنس کمیونٹی، معدنیات سے وابستہ کاروباری حضرات اپنے کوئلہ ودیگر معدنیات کو ملک کے دیگر حصوں تک لے جانے میں آسانی ہوگی وزیر ریلوے کا کہنا تھا کہ حکومت حکومت کی کوشش ہے کہ پاکستان ریلوے کے نظام کو بہتر سے بہتر بنانے کے ساتھ جتنی بھی ٹرین بند ہیں ان کو بھی بحال کیا جائے تاکہ پاکستان ریلوے کو ایک منافع بخش ادارے میں تبدیل کیا جاسکے۔ سب سے پہلے تو ہم سبی ہرنائی ٹرین سروس کی بحالی پر حکومت، وزارت ریلوے، سیکورٹی حکام اور صوبائی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے اس اہم ٹریک کی بحالی کے لئے کام کیا اس کے ساتھ ساتھ ہم اس امید کا بھی اظہار کرتے ہیں کہ وفاقی وزیر ریلوے نے جس عزم کا اظہار کیا ہے اسے عملی جامہ پہنائیں گے ہر چند کہ اس موجودہ حکومت کے پاس اب بس دو تین دن ہی رہ گئے ہیں تاہم پھر بھی وفاقی وزیر اگر جاتے جاتے یہ آرڈر کردیں کہ باقی بند ٹرینیں نہ سہی بلوچستان سے گزشتہ چند برسوں کے دوران جتنی بھی ٹرینیں بند ہوئی ہیں انہیں دوبارہ بحال کیا جائے تو ان کا یہ اعلان اور اقدام بلوچستان کے لئے کسی تحفے سے کم نہیں ہوگا بلوچستان وسیع وعریض رقبے کا حامل صوبہ ہے جہاں دیگر مسائل کے ساتھ ساتھ ایک اہم مسئلہ بہتر سفری سہولیات کی عدم دستیابی کا بھی ہے صوبے کے عوام کی غالب اکثریت غریب اور مڈل کلاس طبقے پر مشتمل ہے اگرچہ اب کوئٹہ سے اندرون ملک تمام شہروں کے لئے ٹرانسپورٹ کمپنیوں کی کوچز، منی بسیں اور چھوٹی گاڑیاں نکلتی ہیں لیکن ان کے کرائے بھی زیادہ ہیں اور ان کی سروس بھی تسلی بخش نہیں فضائی سفر کی سہولیات سے تو بلوچستان کے عوام کی غالب اکثریت اس بناء پر مستفید نہیں ہوسکتی کہ کوئٹہ سے اندرون ملک کا فضائی کرایہ انتہائی زیادہ اور عام آدمی حتیٰ کہ مڈل کلاس طبقے کے بھی بس سے باہر ہے اس لئے ریل ہی ایک ایسی سواری رہ جاتی ہے جس کی طرف عوام امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں سو ضرورت اس امر کی ہے کہ جس طرح سبی ہرنائی ٹرین سروس بحال کی گئی ہے اسی طرح کوئٹہ سے اندرون ملک چلنے والی تمام بند ٹرینوں کو پھر سے چلایا جائے آئے روز ریلوے ہیڈکوارٹر میں جو نئی کوچز اور انجن آرہے ہیں ان سے بلوچستان کو بھی حصہ دیا جائے بلوچستان سے مزید ٹرینیں چلائی جائیں اس سے عوام کو بہتر اور سستی سفری سہولیات بھی میسر آئیں گی اور ساتھ ہی ساتھ خسارے میں چل رہے محکمہ ریلوے کو دوبارہ اپنے پیروں پر کھڑا کرنے میں بھی خاطر خواہ مدد ملے گی۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 17

# زرعی شعبے کی ترقی کا ہدف اور سولرائزیشن منصوبہ!!

زرعی شعبہ کسی بھی ملک کی معیشت میں بنیادی اور کلیدی اہمیت کا حامل شعبہ کہلاتا ہے اور اس بناء پر ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے زرخیز زمینوں سے نوازا ہے بلوچستان سمیت ملک بھر میں ہر طرح کے پھل اور سبزیاں کاشت ہوتی ہیں زرعی شعبہ ملک کا سب سے بڑا پیداواری شعبہ ہے جس سے لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں لوگوں کا روزگار وابستہ ہے بالخصوص ہمارے صوبے بلوچستان کے تناظر میں اگر بات کریں تو صوبے کی مجموعی آبادی کا ستر فیصد حصہ زراعت سے وابستہ ہے مگر بدقسمتی کہیں یا المیہ لیکن عین حقیقت یہی ہے کہ بلوچستان میں زرعی شعبہ آج بھی انتہائی تنزلی اور ابتری کا شکار ہے ایک تو پیداواری صلاحیت روز بروز کم ہو رہی ہے اوپر سے فارم ٹو مارکیٹ روڈز کی عدم دستیابی سے لے کر کھاد، بیجوں اور سب سے بڑی ضرورت پانی کی قلت غرض مسائل ہی مسائل ہیں بلوچستان میں تو ہر دس سے بارہ سال کے بعد خشک سالی کی لہر آتی ہے اور ہرے بھرے باغات خشک ہو جاتے ہیں اس کے علاوہ ہر سال مون سون بارشوں میں بلوچستان کا گرین بیلٹ کہلانے والی پٹی جو سندھ سے متصل ہے وہاں ہر طرف تباہی مچ جاتی ہے گزشتہ برس آنے والے سیلاب کے اثرات اب تک برقرار ہیں اوپر سے گزشتہ کچھ عرصے سے بلوچستان سمیت ملک بھر میں بجلی بحران کے باعث بھی صورتحال ابتر ہوتی جا رہی ہے گزشتہ پانچ چھ برسوں سے ہم ایک منصوبے کا ذکر تواتر سے سنتے آئے ہیں کہ زرعی ٹیوب ویلوں کو شمسی توانائی پر منتقل کر دیا جائے تاکہ بجلی کی بھی بچت ہو اور کسانوں وکاشتکاروں کو پوری بجلی بھی مہیا کی جاسکے سو اس حوالے سے تازہ ترین پیشرفت یہ ہے کہ یہ منصوبہ اب عملی طور پر منتقل ہونے جا رہا ہے وزیراعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز ایک لاکھ زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے حوالے سے تقریب میں شرکت کی اور اس منصوبے کی اہمیت وافادیت، سولرائزیشن یا شمسی توانائی کے رجحان اور حکومتی ترجیحات پر کھل کر بات کی وزیراعظم کا کہنا تھا کہ شمسی توانائی گھروں، صنعتوں اور دکانوں سمیت ہر شعبہ کے لئے ضروری بن چکی ہے زرعی ٹیوب ویلز کی شمسی توانائی پر منتقلی کے منصوبہ پر تین کھرب 77 ارب روپے لاگت آئے گی، وزیراعظم نے کہا کہ ہماری حکومت کی مدت پوری ہونے سے پہلے شمسی توانائی سے چلنے والے ٹیوب ویلز کے اس منصوبے کو شروع کیا، ملک میں زراعت خوشحالی کا انقلاب لاسکتی ہے، اس میں کسی کو شک نہیں ہونا چاہئے، ملک بھر میں کسان ہر موسم میں محنت کرتے ہیں، کروڑوں لوگوں کیلئے غلہ پیدا کرتے ہیں، اس سے بڑھ کر ملک کی کوئی خدمت نہیں ہوسکتی اور نہ ہی عبادت ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو سستی بجلی کی ضرورت ہے، اس کے بغیر صنعت وحرفت، زراعت اور برآمدات ترقی نہیں کرسکتیں، سستی بجلی مہیا کرنا ہر حکومت کا اولین فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں سیاسی افراتفری، آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدہ سمیت کئی چیلنجز کا سامنا تھا جس کا درست اندازہ لگانا ممکن نہیں تھا، آئی ایم ایف کا پروگرام ملک کیلئے ضروری تھا، اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کی شرائط کڑی اور سخت ہیں، آئی ایم ایف کے پروگرام کے بغیر پاکستان کو زرمبادلہ کے ذخائر سمیت کئی قسم کے چیلنجز درپیش ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سولہ ماہ حکومت نے شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے بھرپور محنت کی، پاکستان کے دیوالیہ ہونے سے ملک کیلئے تباہ کن صورتحال پیدا ہوتی، آئی ایم ایف کا پروگرام ہو چکا ہے، ملک دیوالیہ ہونے سے بچ گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کسان کو مناسب قیمتوں پر کھاد اور سستی بجلی فراہمی سے زرعی شعبہ ترقی کرے گا، کسانوں اور دوسو سے کم یونٹ استعمال کرنے والے صارفین کو سستی بجلی فراہم کی جا رہی ہے، آئی ایم ایف نے سبسڈیز کے حوالہ سے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے۔ زرعی شعبہ، صنعتوں سمیت تمام شعبوں کے لئے ملک کے تمام منصوبوں میں ہمیں شمسی توانائی کو بروئے کار لانا چاہئے، اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو شمسی توانائی کی نعمت سے نوازا ہے تیل سے بننے والی بجلی مہنگی ترین ہے، سورج کی روشنی، پانی اور ہوا سے سب سے سستی بجلی بنتی ہے، کارخانے، زراعت، گھریلو صارفین سمیت تمام شعبوں کو مہنگی ترین بجلی مل رہی ہے۔ ایسے میں سولرائزیشن اہم اقدام ہے جبھی تو وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی کا شمسی توانائی سے زیادہ اہمیت کا کوئی منصوبہ نہیں ہوسکتا سولر ٹیوب ویلز کیلئے ایک تہائی حصہ کسان اور باقی حصہ وفاق اور صوبے دیں گے، وفاق میں ایک تہائی کسان اور دو حصے وفاقی حکومت دے گی، یہ انقلابی قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی پر الزام تراشی نہیں کر رہا، سیاسی قیادت کو پن بجلی منصوبوں کو مکمل کرنا چاہئے، سعودی عرب کے وفد سے دیامیر بھاشا ڈیم میں سرمایہ کاری پر بات کی ہے، اس سے چودہ سے پندرہ ارب ڈالر کے لگ بھگ سرمایہ کاری آئے گی، پانی ذخیرہ ہوگا اور آبپاشی کے کام آئے گا، چار ہزار میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی انہوں نے کہا کہ تھر میں کوئلہ کے دنیا کے سب سے بڑے ذخائر ہیں، پچھتر سال کے دوران ہم نے بیرون ملک سے کوئلہ درآمد کر کے مہنگی بجلی پیدا کی، سی پیک کے تحت تھر کے کوئلہ سے بجلی کی پیداوار شروع ہو چکی ہے، ماضی کی حکومتوں نے سنگین غفلت کیوں کی، اس غفلت کی وجہ سے کشکول اٹھانا پڑتا ہے، ہمیں پاکستان کو قائداعظم کے خواب کی عملی تعبیر بنانا ہے، پاکستان سے غربت اور بے روزگاری کا خاتمہ کریں گے، کشکول توڑیں گے، قرض ختم کریں گے اور پاکستان کو عظیم بنائیں گے وزیراعظم کا عزم خوش آئند و مستحسن ہے انہوں نے بالکل بجا فرمایا ہے کہ شمسی توانائی نہ صرف زراعت بلکہ صنعت وحرفت اور ہر شعبے کے لئے ناگزیر بن چکی ہے دنیا کے بہت سارے ممالک شمسی توانائی سے روزمرہ ضرورت کی تمام بجلی پیدا کر رہے ہیں ایک ہم ہیں کہ ہم بہت تاخیر سے اس جانب متوجہ ہوئے ہیں توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے بھی بہت مواقع موجود ہیں ہمیں امید ہے کہ زرعی شعبے کی بحالی واستحکام اور توانائی بحران سے نمٹنے نیز سولرائزیشن کے جاری منصوبوں کی تکمیل اور نئے منصوبوں کے اجراء اور ساتھ ہی ساتھ اس شعبے میں سرمایہ کاری کے زیادہ سے زیادہ فروغ وبڑھوتری کے لئے نہ صرف جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا بلکہ ان اقدامات میں مزید تیزی اور وسعت بھی لائی جائے گی کہ یہ وقت کی ضرورت بھی ہے اور حالات کا ایک ایسا تقاضہ بھی جس سے مزید پہلوتہی ممکن ہے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 DATE: 09 AUG 2023 Page No: 18

# مردم شماری کے نتائج، بلوچستان کے نتائج میں اتنا فرق کیوں؟

ایوان بالا (سینٹ) کے اجلاس سے مردم شماری کے نتائج پر بلوچستان کے سینیٹرز نے احتجاجاً واک آؤٹ کیا ان کا موقف تھا کہ بلوچستان کی آبادی چونسٹھ لاکھ کم ظاہر کی گئی ہے پہلے جو اعداد و شمار آئے تھے وہ دو کروڑ سے اوپر کے تھے۔ مشترکہ مفادات کونسل میں جو رپورٹ پیش اور منظور کی گئی اس میں یہ آبادی محض ایک کروڑ انچاس لاکھ ہے۔ پشتونخوا میپ بی این پی سمیت صوبے کی قوم پرست جماعتوں نے مردم شماری کی اس رپورٹ کو مسترد کیا ہے لیکن وفاقی حکومت کا موقف یہ ہے کہ مشترکہ مفادات کونسل کے جس اجلاس میں رپورٹ کی اتفاق رائے سے منظوری دی گئی اس میں وزیراعلیٰ قدوس بزنجو سمیت بلوچستان کی مکمل نمائندگی تھی اس کا یہ موقف اپنی جگہ درست ہے سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ غلطی کہاں پر ہوئی ہے اگر پہلے والے اعداد و شمار غلط تھے تو پھر اس کی ذمہ داری کسی نہ کسی پر عائد کرنا ہوگی۔ چند ہزار یا لاکھ دو لاکھ کا فرق ہوتا تو وہ قابل فہم تھا لیکن ستر لاکھ کا فرق غیر معمولی نوعیت کا اور ناقابل قبول ہے۔ وفاقی حکومت اور ادارہ شماریات دونوں کو اس معاملے پر سنجیدگی سے غور کرنا اور بلوچستان کی سیاسی جماعتوں کے تحفظات اور خدشات دور کرنا ہوں گے۔

Scanned with CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 DATE: 09 AUG 2023 Page No: 19

# Improving healthcare facilities

Every year billions of rupees are spent for the development and improvement of the health sector but the condition of hospitals in the provincial capital Quetta in general and in districts in particular are dissatisfactory. Patients from interior parts of the province rush towards Quetta for petty ailments. Likewise, due to shortage of facilities in government-run hospitals people move towards Karachi and other provinces for minor treatment that cause them much more expensive. With the promulgation of 18th constitutional amendment the concurrent legislative list of powers was eliminated from the national constitution. Consequently, the healthcare provision, hitherto in the realm of the federal as well as the provincial governments, became the responsibility of the latter. The provinces are also conferred with the powers of health policymaking and the mandate extended inter-alia to health legislation, assuring quality in health care, and planning and coordination of health related activities. Unfortunately, Balochistan's health infrastructure is still limited, and many people, living in remote areas and hamlets dotted across the vast province, have hardly met a health professional in their lives. Though Balochistan has a limited population yet it is scattered and makes it more difficult for authorities to ensure maximum healthcare facilities to the people. The condition of District Headquarter Hospital (DHQs) is dissatisfactory upon which the patients have no other choice to move towards Quetta or Karachi. The DHQs in the province are deprived of specialists, surgeons and dialysis machines. The Balochistan government in the provincial budget of 2022-2023 has allocated more than 43 billion rupees for the betterment of health sectors. However, the hospitals are running out of medicines and doctors. The government had planned to set up 31 state-of-the-art incentive care units (ICUs) and upgrade 31 district and 7 tehsil headquarters hospitals in the province under the Covid-19 Control Response Programme to provide maximum health facilities to the people, especially in rural areas. Besides, a blood bank, pathology department, radiology department and ambulances equipped with latest facilities would also be provided to the health facilities to the DHQs which are mostly absent in rural and remote areas. However, the pace of bringing improvement in DHQs is quite slow and the people are suffering. Therefore, it ought to be the priority of the government to make no compromise with the health sector and complete the improvement work at the earliest. Improving healthcare facilities and providing quality treatment to the masses at their doorsteps will not be less than a blessing for the poverty-hit masses of the province.

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

P-1

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

DATE: 09 AUG 2023

Page No: 21

# Remembering Civil Hospital Tragedy

As we pay homage to the lives lost and the resilience demonstrated, let us renew our dedication to upholding the principles of justice, unity, and compassion that define our society. Let us ensure that the memory of the Civil Hospital Quetta tragedy serves as a catalyst for positive change, inspiring us to build a future where such horrors are consigned to history, and peace and harmony prevail. It has been seven long years since the devastating and heart wrenching incident that shook the very core of Quetta's history - the Civil Hospital Quetta suicide bombing. On that fateful day, over 50 lawyers lost their lives, and hundreds were left injured and scarred for life. As we pause to remember this tragic event, it is essential not only to honor the memory of those who perished but also to reflect on the progress made in the aftermath and the lessons learned.

The Civil Hospital Quetta suicide bombing was not just an attack on innocent lives; it was an attack on justice, on the very fabric of society that relies on law and order to function harmoniously. Lawyers, who dedicate their lives to upholding the rule of law and defending justice, were targeted indiscriminately. The tragedy sent shockwaves not only through Quetta but also through the entire nation, highlighting the vulnerability of even those who serve as guardians of the law. In the wake of the incident, the city of Quetta, known for its resilience, demonstrated remarkable strength. The people of Quetta, along with the legal community, joined hands to support the victims' families and stand against the forces of terror. This solidarity revealed the unwavering determination of the community to not succumb to fear but to rise

Scanned with CamScanner

p-2

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6 DATE: 09 AUG 2023 Page No: 22

above it. What is more? It's crucial to address the broader socio-economic and political issues that often contribute to the growth of extremism. Providing opportunities for marginalized communities, improving education, and fostering inter-community harmony are vital steps toward building a more resilient society that is less susceptible to extremist ideologies. The aftermath of the Civil Hospital bombing prompted a reevaluation of security measures and a renewed commitment to counterterrorism efforts. However, as time passes, the question arises: have we done enough to prevent such tragedies from happening again? While security forces and law enforcement agencies have taken steps to enhance security protocols, the ongoing threat of terrorism demands constant vigilance and adaptation.

In the chronicles of history, the Civil Hospital Quetta suicide bombing remains a stark reminder of the challenges our society faces in combating terrorism and extremism. It underscores the need for collective efforts, both from the government and the citizens, to create a safer and more sécure environment for all. Let us not allow the passage of time to dim the memory of this tragedy or lessen our commitment to preventing such incidents from recurring. As we remember the lives lost in the Civil Hospital Quetta tragedy, we must also reflect on the resilience and determination displayed by the survivors and their families. They have faced unimaginable pain and loss, yet their courage to rebuild their lives and continue their pursuit of justice serves as an inspiration to all.

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No.______ DATE: 09 AUG 2023 Page No: ______



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سیکرٹریز کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

09 AUG 2023

Bullet No.________ DATE: ________ Page No: ________



کوئٹہ: آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ نواں کلی اور اسپنی روڈ پر شہید اہلکاروں کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

09 AUG 2023

Bullet No.______ DATE: ______ Page No: ______



کوئٹہ : گورنر ملک عبدالولی کاکڑ شہید باز محمد کاکڑ فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کا یونیورسٹی آف تربت کے ساتویں سینٹ اجلاس کے شرکاء کے ہمراہ گروپ



کوئٹہ گورنر ملک عبدالولی کاکڑ یونیورسٹی آف تربت کے ساتویں سینٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 09 AUG 2023 Page No: ________



کوئٹہ' صوبائی وزیر میر اسد اللہ بلوچ سے رکن اسمبلی اختر حسین لانگو ملاقات کررہے ہیں



صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ، ڈی جی سوشل ویلفیئر سلیم کھوسہ ودیگر تقریب سے خطاب کررہے ہیں



صوبائی وزیر کھیل عبدالخالق ہزارہ سلیم کھوسہ عزیز ہزارہ داود چنگیزی سیما بتول اور مرزا طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کررہے ہیں